Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **D-160**
موضوع: **شہرپیما کونسل برائے ہائی اسکول کے ممبران کی نامزدگی اور انتخاب کا طریقئہ کار بشمول آسامیاں پُر کرنے کے**
زمرہ: **شہرپیما تعلیمی کونسل برائے ہائی اسکول**
جاری کردہ: **29 اپریل، 2021**

## تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے D-160 مورخہ 28 جنوری، 2021 کی تجدید کرتا ہے اور اس کی جگہ لیتا ہے۔

**تبدیلیاں:**

- یہ بیان کرتا ہے کہ فی اہل طالبِ علم صرف ایک ووٹ کے بجائے فی طالبِ علم تین ووٹ ڈالے جا سکتے ہیں (سیکشن V.A.2)

نمبر: **D-160**
موضوع: **شہرپیما کونسل برائے ہائی اسکول کے ممبران کی نامزدگی اور انتخاب کا طریقئہ کار بشمول آسامیاں پُر کرنے کے**
زمرہ: **شہرپیما تعلیمی کونسل برائے ہائی اسکول**
جاری کردہ: **29 اپریل، 2021**

**خلاصہ**

یہ ضابطہ اہلیت کی مطلوبات اور نامزدگی اور شہرپیما تعلیمی کونسل برائے ہائی اسکول کے لیے انتخاب کے طریقئہ کار کی تفصیلات بیان کرتا ہے۔ یہ آسامیوں کو پُر کرنے کا طریقئہ کار بھی فراہم کرتا ہے۔

**I. بناوٹ (کمپوزیشن)**

شہرپیما تعلیمی کونسل برائے ہائی اسکول ("CCHS") ایک ایسی شہر پیما کونسل ہونی چاہیئے جو 13 ووٹ دینے والے اراکین اور ایک ووٹ نہ ڈالنے والے طالبِ علم رکن پر مشتمل ہو۔ ووٹ ڈالنے والے ممبران میں سے 10 کے لیے لازمی ہے کہ اس ضابطے میں قائم کردہ طریقہ کار کے ذریعے منتخب کردہ ہوں اور لازمی ہے کہ ان کے انتخاب کے وقت، اس ضابطے میں بیان کے مطابق نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم ("DOE") ہائی اسکول کے طالبِ علم کے والدین ہوں، مزید یہ کہ، ہر برو کے لیے 10 ووٹ ڈالنے والے ممبران میں نمائندگان کی مساوی (دو) تعداد ہو۔ ووٹ ڈالنے والے بقایا 3 ممبران کو نیو یارک شہر عوامی حمایتی کے ذریعے تقرر کیا جائے گا، شہر پیما کونسل برائے خاص تعلیم ("CCSE")، شہر پیما تعلیمی کونسل برائے انگریزی زبان کے متعلمین، باالترتیب۔ طالبِ علم رکن کو طلبا کی شہر پیما مشاورتی کونسل ("CSAC") کے ذریعے تقرر کیا جاتا ہے۔

**II. اہلیت**

والدین اراکین

1. CCHS میں خدمات انجام دینے والے تمام والدین ممبران کے لیے محکمئہ تعلیم کے ہائی اسکول میں شرکت کرنے والے طالبِ علم کا والدین ہونا لازمی ہے۔
2. ایک والدین کی تشریح بطور والدین (بذریعہ پیدائش یا گود لینے، سوتیلے والدین یا لے پالک والدین)، قانونی سرپرست یا بچے سے والدین کے رشتے میں وابستہ فرد کے طور پر کی جاتی ہے۔ بچے سے ایک والدین کے رشتے سے وابستہ فرد ایک ایسا فرد ہے جو کہ والدین یا قانونی سرپرست کے بجائے باقاعدگی سے بچے کی نگہداشت اور نگرانی کا براہِ راست ذمہ دار ہے۔
3. اہلیت کا تعین اس تاریخ سے کیا جاتا ہے جب والدین CCHS کی ایک نشست کے لیے انتخاب لڑنے کی درخواست جمع کرواتے ہیں۔
4. جو والدین درخواست دینے کے وقت اہل ہوں گے، اگر انہیں باقاعدہ طور پر منتخب کیا جائے، انہیں CCHS میں مکمل دو سالہ معیاد کے لیے خدمات انجام دینے کی اجازت ہوگی چاہے والدین کی معیاد کے دوران انکا بچہ سندیافتہ ہو جائے اور / یا محکمئہ تعلیم ہائی اسکول میں شرکت کرنا بند کر دے۔

5. والدین اراکین کی مدت خدمت دو سال ہے اور معیاد کی کوئی حد نہیں ہے۔

B. عوامی حمایتی نمائندے کی جانب سے تقرر کردہ افراد

1. عوامی حمائتی نمائندے ایک ووٹ ڈالنے والے رکن کا تقرر کرے گا۔ رکن کے لیے نیویارک شہر کا مکین ہونا لازمی ہے اور اس کے پاس کاروبار، تجارت یا تعلیم کا وسیع تجربہ اور علم ہو تاکہ محکمئہ تعلیم کے اسکولوں میں تعلیم کو بہتر بنانے میں خاطر خواہ کردار ادا کر سکے۔ ایسے اراکین کی مدت خدمت دو سال ہے اور معیاد کی کوئی حد نہیں ہے۔

2. CCHS میں عوامی حمایتی نمائندے کے ذریعے CCELL میں تقرری کے خواہاں افراد کو محکمئہ تعلیم کے دفتر برائے خاندانی اور اجتمائی عطائے اختیار ("FACE") سے ایک درخواست حاصل کرنی چاہیئے، اور مکمل کردہ (درخواست) کو ccecinfo@schools.nyc.gov کے ذریعے FACE کے پاس جمع کروانا چاہیئے۔ FACE اہلیت کا جائزہ لے گا اور اہل درخواستوں کو عوامی حمایتی نمائندے کو بھیجے گا۔ تقرری کے تمام فیصلے عوامی نمائندے کی صوابدید پر ہوں گے۔

C. CCSE کے تقرر کردہ

1. CCSE ایک ووٹ ڈالنے والے رکن کو تقرر کرے گی۔ والدین کے لیے محکمئہ تعلیم کے ہائی اسکول کے انفرادی تعلیمی پروگرام ('IEP'') کا حامل ہونا لازمی ہے۔ ایسے اراکین کی مدت خدمت دو سال ہے اور معیاد کی کوئی حد نہیں ہے۔

2. CCSE انتخابات والے سال کے جنوری سے آغاز کرتے ہوئے درخواستوں کو قبول کرے گی، اور تقرری کی کارروائی کو 30 جون تک مکمل کرے گی تاکہ تقرر ہونے والا فرد 1 جولائی سے اپنی معیاد کا آغاز کرے۔

3. CCHS میں عوامی حمایتی نمائندے کے ذریعے CCSE میں تقرری کے خواہاں افراد کو ("FACE") سے ایک درخواست حاصل کرنی چاہیئے، اور مکمل کردہ (درخواست) کو ccecinfo@schools.nyc.gov کے ذریعے FACE کے پاس جمع کروانا چاہیئے۔ FACE اہلیت کا جائزہ لے گا اور CCSE کو درخواستوں کو بھیجے گا۔ تقرری کے تمام فیصلے CCSE کی صوابدید پر ہوں گے۔

D CCEL کے تقرر کردہ

1. CCELL ایک ووٹ ڈالنے والے رکن کا تقرر کرے گا۔ والدین کے لیے محکمئہ تعلیم ہائی اسکول کے ایسے طالبِ علم کا والدین ہونا لازمی ہے جو انگریزی زبان کا متعلم ("ELL") ہو. ("ELL") ایک ایسا طالبِ علم ہے جس کی آبائی زبان انگریزی نہیں ہے اور جو ایک دوہری زبان، عبوری دولسانی تعلیم یا انگریزی بطور ایک نئی زبان پروگرام میں مندرج ہے کیونکہ طالبِ علم کو انگریزی سیکھنے میں معاونت کی ضرورت ہے۔ ایسے رکن کی مدت خدمت دو سال ہے اور معیاد کی کوئی حد نہیں ہے۔

2. CCELL انتخابات والے سال کے جنوری سے آغاز کرتے ہوئے درخواستوں کو قبول کرے گی، اور تقرری کی کارروائی کو 30 جون تک مکمل کرے گی تاکہ تقرر ہونے والا فرد 1 جولائی سے اپنی معیاد کا آغاز کرے۔

3. CCHS کے ذریعے CCELL میں تقرری کے خواہاں افراد کو ("FACE") سے ایک درخواست حاصل کرنی چاہیئے، اور مکمل کردہ (درخواست) کو ccecinfo@schools.nyc.gov کے ذریعے FACE کے پاس جمع کروانا چاہیئے۔ FACE اہلیت کا جائزہ لے گا اور CCELL کو درخواستوں کو بھیجے گا۔ تقرری کے تمام فیصلے عوامی نمائندے کی صوابدید پر ہوں گے۔

E۔ طالب علم رکن (ووٹ نہ ڈالنے والا)

1. جو طلبا اپنے خدمات انجام دینے والے سال کے دوران سینیئرز ہوں گے اور جو اپنے اسکول کی منتخبہ حکومت کا حصہ ہوں گے وہ CSAC کے ذریعے تقرری کی اہلیت رکھتے ہیں۔ اگر منتخب طلبا حکومت کے لیے کوئی سینیئر موجود نہیں ہے، وہ سینیرز جو دیگر منتخب قیادتی عہدوں (مثلاً، کلب کا صدر) پر فائز ہیں انہیں زیرغور لایا جا سکتا ہے۔ اس ضابطے کے مقاصد کے لیے وہ طالبِ علم سینئر ہے جن کے پاس ہائی اسکول کے 30 کریڈٹس ہوں۔

2. دلچسپی رکھنے والے طلبا کے لیے درخواست حاصل کرنا اور ccecinfo@schools.nyc.gov پر FACE کے پاس مکمل کردہ درخواست جمع کروانا لازمی ہے۔ FACE اہلیت کا جائزہ لے گا اور CSAC کو درخواستوں کو بھیجے گا۔ CSAC درخواست کا جائزہ لے گا اور امیدوار کی چانسلر کے پاس تقرری کی تجویز کرنے سے قبل انٹرویو کا انعقاد کر سکتا ہے۔

3. ووٹ نہ دینے والے طالبِ علم ارکان کی خدمت انجام دینے کی مدت ایک سال ہے جس کا آغاز 1 جولائی سے ہوتا ہے اور اختتام اگلے سال کی 30 جون کو ہوتا ہے۔

F. خدمات سرانجام دینے کے لیے نااہل افراد:

1. مندرجہ ذیل افراد اہل نہیں ہیں:

a. منتخب کردہ عوامی عہدہ رکھنے والے افراد یا منتخب کردہ یا تقرر کردہ پارٹی عہدے داران (ماسوائے ایک قومی، ریاستی، عدالتی یا دیگر پارٹی اجتماع کے لیے نمائندہ یا متبادل نمائندہ، یا کسی کاؤنٹی کمیٹی کا رکن)؛

b. DOE کے موجودہ ملازمین؛

c. وہ افراد جو کسی اور شہرپیما کونسل یا کسی اجتمائی تعلیمی کونسل ("CEC") میں ہیں۔؛

d. تعلیمی پالیسی پَینل کے اراکین؛

e. وہ افراد جنہیں انجمن والدین یا والدین - استاد انجمن ("PA/PTA")، اسکول قیادتی ٹیم، صدر کی کونسل، برو ہائی اسکول کونسل، یا زمرہ I کمیٹی سے کسی ایسے غیر قانونی فعل کے باعث نکالا گیا ہو، جن کا تعلق براہ راست ایسی انجمن، ٹیم، کونسل، یا کمیٹی کی خدمت سے ہو؛ اور

f. وہ افراد جن کے بارے میں محکمئہ تعلیم کے اخلاقیات کے افسر یا چانسلر کے دیگر نامزد کردہ فرد نے فیصلہ کیا ہے کہ اس میں انکا مفادات کا تصادم ہو رہا ہے۔

2. مندرجہ ذیل افراد نااہل ہو سکتے ہیں:

a. جو افراد بدعنوانی کی کسی حرکت میں ملوث تھے جس کا براہ راست تعلق انکی CEC یا شہرپیما کونسل میں خدمت سے ہو؛ یا

b. جن افراد کوکسی جرم کی سزا دی گئی ہو، جو ایسا جرم ہو جسے نیویارک ریاست تصحیحی قانون کی دفعہ A-23 کے مطابق سزا سمجھا گیا ہے۔

## III. CCHS کے انتخاب کے خواہاں افراد

A. FACE انتخاب سال کے جنوری کے آغاز میں، بشمول درخواست جمع کروانے کے گوشوارہ وقت اور ووٹ ڈالنے کے بارے میں انتخابات کے طریقئہ کار کے بارے میں عوامی تشہیر کرے گا۔

B. CCHS میں خدمات انجام دینے میں دلچسپی رکھنے والے والدین کو نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ ("NYCSA") کے ذریعے ایک درخواست جمع کرنی چاہیئے۔ . جن والدین کے پاس انٹرنیٹ کی رسائی نہیں ہے، وہ اپنے والدین رابطہ کار یا پرنسپل کے ساتھ اپنے اسکول یا ضلع دفتر میں ایک کمپیوٹر کے استعمال کرنے کا انتظام کر سکتے ہیں یا پبلک لائبریریوں میں کمپیوٹر تک رسائی کی معلومات کے لیے 311 سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

C. درخواست دہندگان کو اپنی درخواست میں یہ تصدیق کرنی چاہیئے کہ انہوں نے محکمئہ تعلیم کے اسکولوں میں شرکت کرنے والے اپنے تمام بچوں کو اپنے NYCSA اکاؤنٹ سے منسلک (لنک) کر دیا ہے۔ CCHS میں درخواست دینے والے امیدوار کو برو کے محکمئہ تعلیم کے ہر اس ہائی اسکول کا نمائندہ تصور کیا جائے گا جن میں فی الوقت ان کا ایک بچہ شرکت کرتا ہے۔ امیدوار کے لیے ایسے ہر ضلع کے متعلق معلومات فراہم کرنے میں ناکامی کی صورت میں جہاں سے امیدوار ایک نمائندہ ہے، نااہل قرار دیے جانے کی بنیاد بن سکتا ہے۔

D. امیدواران متعدد اجتمائی اور / یا شہر پیما تعلیمی کونسلوں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، اور CCHS میں اتنے بروز کی نمائندگی کرنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں جن کے لیے یہ اہلیت رکھتے ہیں لیکن، اگر یہ منتخب ہو جاتے ہیں تو ان کو صرف ایک کونسل میں خدمات انجام دینے یا CCHS میں صرف ایک نشست پر کرنے کی اجازت ہو گی۔ جو امیدواران متعدد کونسلوں اور CCHS کی نشستوں کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں انہیں ان کی ترجیحی درجہ بندی کرنا ضروری ہے؛ اگر وہ ایک سے زائد کونسلوں یا نشست کے لیے منتخب کیے جاتے ہیں تو ان کو ان کی اول ترین درجہ بند کردہ کونسل میں نشست دی جائے گی۔

## IV. امیدوار کے فورمز

A. ہر برو کی ہائی اسکول صدور کونسل کو FACE کے باہمی تعاون کے ساتھ اور انتظامی انصرام کی معاونت کے ساتھ کم سے کم امیدواروں کے ایک فورم کا انعقاد کرنا چاہیئے جس میں امیدوار کو دیگر والدین دلچسپی والے دیگر فریقین کے لیے پیشکشیں کرنے کی اجازت ہونی چاہیئے۔

B. امیدواران کے تمام فورمز کا انعقاد درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ گزر جانے کے بعد ہونا چاہیے، لیکن ووٹ ڈالنے کے دورانیے کے آغاز سے قبل، جیسے اس انتخابی سال کے مئی کے دوسرے منگل تک مکمل ہو جانا چاہیئے۔

C. امیدوار کے فورمز کا انعقاد ایک طبیعی جگہ میں یا ورچؤل اجلاس کے پلیٹ فارم پر کیے جا سکتے ہیں۔ صدور کی کونسل بمعہ FACE کو امیدوار کے اس فورم کی تاریخ، وقت اور وضع طے کرنی چاہیئے۔ فورم میں خود موجودگی کی صورت میں، FACE کو ایک قابلِ رسائی ADA کی پیروی کرنے والی جگہ محفوظ کرنی چاہیئے اور محکمئہ تعلیم کے مقامات کے لیے تمام ضروری اجازت نامے حاصل کرنے کا ذمہ داری اور اخراجات برداشت کرنا چاہیئے۔ ورچؤل پلیٹ فارم پر منعقد کیے جانے والے فورم کی صورت میں، FACE پلیٹ فارم کے اخراجات برداشت کرے گا اور اجلاس کے دوران تکنیکی معاونت فراہم کرے گا۔

D. امیدوار کے ہر فورم سے قبل، FACE کو ہر امیدوار کی درخواست کے حصوں کو دستیاب رکھنا چاہیئے جس میں امیدوار کے نام، بچے (بچوں) کے اسکول اور پروگراموں، اور ذاتی بیان ("امیدوار کا پس منظر" (پروفائل)) دی جانی چاہیئے۔ امیدواروں کے پس منظر کو والدین اور عوام کے دیکھنے کے لیے محکمئہ تعلیم کی ویب سائٹ پر شائع کیا جائے گا۔ FACE خود موجودگی میں امیدواروں کے فورمز میں نقول کو تقسیم کرنے کے لیے فراہم کریگا۔

## 7. انتخاب کا طریقئہ کار

A. ووٹ دینے کی اہلیت کے حامل

1. محکمئہ تعلیم ہائی اسکول میں فی الوقت شرکت کرنے والے طالبِ علم کے کوئی بھی والدین CCHS کی ایک ایسی نشست کے لیے ووٹ ڈالنے کی اہلیت رکھتے ہیں جو اس برو کی نمائندگی کرتی ہے جس میں ہائی اسکول واقع ہے۔

2. تین ووٹس فی اہل طالبِ علم ڈالے جا سکتے ہیں۔

**B. ووٹ ڈالنا**

1. والدین کی NYCSA کے ذریعے آن لائن ووٹ ڈالنے کی حوصلہ افزائی کیا جاتی ہے۔

2. جن والدین کو انٹرنیٹ کی رسائی حاصل نہیں ہے وہ ان کے اسکول میں کمپیوٹر کو استعمال کرنے یا NYCSA اکاؤنٹ بنانے اور ووٹ دینے کے لیے ضلع دفتر کے ساتھ انتظام کر سکتے ہیں، یا پبلک لائبریریوں میں کمپیوٹر تک رسائی حاصل کرنے کےبارے میں 311 پر معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

3. کاغذی بیلٹس مہتمم کے دفاتر میں بھی دستیاب ہوں گے۔ اگر NYCSA پر مہتمم کا دفتر ایک اکاؤنٹ تشکیل دیتا ہے اور والدین کی جانب سے والدین کا ووٹ ڈالتا ہے، تو مہتمم کے دفتر کو ان والدین کا مکمل کردہ کاغذی بیلٹ (بیلٹس) کے ریکارڈز رکھنا لازمی ہے جسے والدین کے مکمل کردہ انتخاب کی نشاندہی، NYCSA کا اکاؤنٹ بنانے اور والدین کی جانب سے ان کا ووٹ ڈالنے کی والدین کی اجازت اور مہتمم کے دفتر کا والدین کی جانب سے ووٹ ڈالنے کے تصدیق نامہ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔

**C. امیدواروں کو نشستیں دینا**

1. CCHSS میں نو منتخب نشستوں کو کسی بھی اہل والدین کے ذریعے پُر کیا جا سکتا ہے۔ البتہ، CCHS میں ہر ایک برو کی نمائندگی دو سے زیادہ افراد نہ کریں اور، ماسوا دونوں نشستوں کو پر کرنے کی حد تک، ان نمائندگان کو ایسے بچوں کے والدین ہونا چاہیئے جو اس برو کے مختلف اسکولوں شرکت کرتے ہوں۔

2. جب بیلیٹس کی گنتی کی جاتی ہے:

a. سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے مشروط طور پر منتخب کردہ دو امیدواروں کے ذریعۓ نشستوں کو پُر کیا جانا چاہیئے۔ البتہ، اگر یہ دو امیدوار ایک ہی اسکول سے ہیں تو سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے امیدوار کو منتخب کیا جائے گا، اسی اسکول کے کم ووٹ حاصل کرنے والے امیدوار کو ہٹا دیا جائے گا، اور ایک ایسے اسکول کے اگلے سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے امیدوار کو مشروط طور پر منتخب کیا جانا چاہیئے جس اسکول کی نمائندگی پہلے سے موجود نہیں ہے۔

b. ایک امیدوار کو ایک سے زائد بروز کی نشستیں پر کرنے کے لیے مشروط طور پر منتخب کیا گیا ہے، ان کو اس برو کی نمائندگی کرنے کے لیے تقرر کیا جائے گا جس کی درجہ بندی انھوں نے اپنی درخواست میں سب سے اونچی کی تھی۔

D. **ضمنی انتخابات**

1. ضمنی انتخابات کا انعقاد اس وقت کیا جانا چاہیئے جب:

A۔ امیداواروں کے مابین ووٹوں کی تعداد مساوی ہو جائے؛ یا

B۔ اسکولوں کے امیدواروں کو CCHS میں ابتدائی طور پر نشست دیئے جانے کے بعد ایک یا زائد نشستیں خالی رہ جائیں۔

2. امیدواروں کے مابین یا درمیان مساوی ووٹوں کی تعداد کی صورت میں، صرف مساوی ووٹ رکھنے والے امیدوار ہی ضمنی انتخاب میں شامل ہوں گے۔

3. CCHS میں پہلے ہی نمائندگی رکھنے والے اسکول کے بچوں کے والدین کو ہٹائے جانے کے بعد ایک یا زائد نشستوں کے پُر نہ ہونے کی وجہ سے ضمنمی انتخاب کی صورت میں صرف وہ امیدواران جن کو مشروط طور پر منتخب نہیں کیا گیا ہے اور جو ایک خالی نشست کے ساتھ برو کی نمائندگی کرتے ہیں اور جنکے کے بچے ایسے اسکول میں شرکت نہیں کرتے جس کی نمائندگی نشست رکھنے والے امیدوارن پہلے ہی سے کر رہے ہوں یہ ان ضمنی انتخابات میں حصہ لیں گے۔ اگر ضمنی انتخابات تمام نشستوں کو پر کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو پھر CCHS میں اسکول کے ایک سے زائد نمائندگان نہ ہونے کی پابندی کا اطلاق نہیں ہو گا۔

4. جب ضمنی انتخابات کا نتیجہ برابر ووٹ کی صورت میں ہو تو محکمئہ تعلیم کی جانب سے انتخابی کارروائی کا انتظام کرنے والا خودمختار اہلکار قرعہ اندازی کے ذریعے جیتنے والے کا انتخاب کرے گا۔

5. اگر ضمنی انتخابات کے مذکورہ بالا میں قائم کردہ طریقئہ کار کے ذریعے تمام نشستیں پر نہیں ہو سکیں تو کونسل میں خالی آسامی کی موجودگی تصور کی جائے گی، جس کو اس ضابطہ کے جز IX.A. میں بیان کیے گئے طریقئہ کار کے مطابق پُر کیا جانا چاہیئے۔

**VI. بعد از انتخاب قابلیت کا جائزہ / اہلیت**

A. امیدواران کے مشروط انتخاب کے بعد لیکن انکے عہدہ سنبھالنے سے قبل، FACE یہ تعین کرے گا کہ آیا نامزدگان CCHS میں خدمات سرانجام دینے کے اہل ہیں۔ اگر FACE یہ تعین کرتا ہے کہ ایک امیدوار اہل نہیں ہے، FACE ایک تحریری فیصلہ جاری کریگا جس میں اس کے اجرا کی حقیقی اور قانونی بنیاد شامل ہوگی۔ اگرFACE کسی امیدوار کو نااہل قرار دیتا ہے تو اسکی جگہ اسی برو کی نمائندگی کرنے والا وہ امیدوار لے گا جس نے اسکے بعد سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ حاصل کیے تھے، اور امیدوار کا تعلق ایک ایسے اسکول سے ہے جسکی پہلے ہی HSCC میں نمائندگی نہیں ہے۔

B. اگر کوئی منتخب نامزد کردہ انتخابی طریقئہ کار مکمل ہونے کے بعد لیکن انتخابی سال کے 30 جون کو یا اس سے قبل، نااہل یا غیرمستحق ہو جاتا ہے، تو وہ نامزد کردہ جو اسی برو کی نمائندگی کرتا ہو اور جسکو ابتدائی انتخابی کارروائی میں اسکے بعد سب سے زیادہ ووٹ ملے ہوں مشروط طور پر منتخب تصور کیا جائے گا۔

C. اگر اس حصے میں خاکہ کش کردہ کے تحت امیدواروں کے انتخاب کا نتیجہ برابر کے ووٹ کی صورت میں ہو تو محکمئہ تعلیم کی جانب سے انتخابی کارروائی کا انتظام کرنے والا خودمختار اہلکار قرعہ اندازی کے ذریعے جیتنے والے کا انتخاب کرے گا۔

D. اگر انتخاب کے لیے کوئی بھی اہل امیدوار دستیاب نہیں رہتا، تو کونسل میں ایک خالی آسامی کا وجود باور کیا جائے گا، جو اس ضابطہ کے حصہ IX.A میں بیان کردہ طریقئہ کار کے مطابق پُر کی جائے گی۔

## VII. اوقات کا تعین

A. CCHS کے انتخابات کا انعقاد طاق سالوں میں ہر دو سال میں کیا جانا چاہیئے۔ ووٹ ڈالنے کا اختتام سوائے کسی ضروری ضمنی انتخابات کے مئی کے دوسرے منگل تک اختتام ہو جائے گا۔

B. انتخابات منعقد کیے جانے والے سال کے جنوری میں انتخابات کی کارروائی کا آغاز کیا جائے گا، جس میں FACE کی جانب سے CCHS میں ذمہ داریوں، نظام اور سرگرمیوں کے متعلق معلومات، امیدوار کی معلومات کے ساتھ ساتھ درخواست کی نوعیت اور ووٹ ڈالنے کے طریقئہ کار کے متعلق معلومات کو تقسیم کیا جائے گا۔

C. CCHS کے اراکین کی معیاد کا آغاز انتخابات کے سال کی 1 جولائی سے ہو گا اور اس کا اختتام اسکے بعد آنے والے دو سالوں کے بعد 30 جون کو ہو گا۔ CCHS کے تمام ارکان سے اپنی معیاد کا آغاز کرنے سے قبل FACE کے ذریعے انتظام کیے گئے واقفیتی اجلاس میں اور ان کی معیاد کے دوسرے سال میں کم سے کم ایک اضافی تربیت موصول کرنے پر مطلوب ہے۔

## VIII. استعفی

A. والدین اراکین اور CCSE اور CCELL تقرر کردہ افراد

والدین ممبران اور CCSE اور CCELL کے تقرر کردہ افراد کے استعفی تحریری اور ان کو FACE کو ccecinfo@schools.nyc.gov پر بھیجا جانا چاہیئے۔ FACE کے موصول کرنے پر استعفی فوراً نافذالعمل ہوں گے، ماسوائے جن میں ایک مستقبل کی تاریخ بیان کی گئی ہو۔ استعفی واپس، منسوخ، یا ترمیم نہیں کیے جا سکتے بجز FACE کی اجازت کے۔

B. عوامی حمائتی نمائندے کے تقرر کردہ

عوامی حمایتی نمائندے کے تقرر کردہ کے استعفوں کو تحریر میں ہونا لازمی ہے، ان کو عوامی حمایتی نمائندے کو بھیجا جانا چاہیئے اور، اس کے ساتھ ایک نقل FACE کو ccecinfo@schools.nyc.gov پر بھیجا جانا چاہیئے۔ عوامی حمایتی نمائندے کے موصول کرنے پر استعفی نافذالعمل ہوں گے، ماسوائے ایک مستقبل کی تاریخ بیان کی گئی ہو۔ استعفی واپس نہیں لیے جا سکتے، انکو منسوخ، یا ان میں ترمیم نہیں کی جاسکتی بجز عوامی حمایتی نمائندے کی اجازت سے۔

C. طالبِ علم رکن

طالبِ علم ارکان کے استعفوں کو تحریر میں ہونا لازمی ہے، ان کو چانسلر کو بھیجا جانا چاہیئے اور، اس کے ساتھ ایک نقل کو FACE کو ccecinfo@schools.nyc.gov پر بھیجی جانی چاہیئے۔ ایسے استعفی چانسلر کے موصول کرنے پر نافذالعمل ہو جائیں گے، ماسوائے اگر ایک مستقبل کی تاریخ بیان کی گئی ہو۔ استعفٰی واپس، منسوخ، یا ترمیم نہیں کیے جا سکتے بجز چانسلر کی اجازت کے۔

## IX. خالی آسامیاں

A. والدین اراکین اور CCELL, CCSC اور عوامی حمایتی کے تقرر کردہ نمائندے کی خالی آسامیاں

1. CCHS کے وہ اراکین جو اپنی معیاد کے دوران CCHS کے معمول میں شیڈول کردہ ان تین اجلاس میں کسی مستند تحریری وضاحت کے بغیر شرکت کرنے سے انکار کرتے ہیں یا غفلت برتے ہیں جبکہ انکی اطلاع انہیں معقول انداز میں دی جا چکی ہو، ان کو عہدہ چھوڑ دینے والا تصور کیا جا ئے گا۔

a. ہر غیرحاضری اور فراہم کردہ تحریری معذرت کو اس اجلاس کی باضابطہ روداد میں شامل کیا جانا چاہیئے۔

b. ذیلی غیرحاضریاں مستند جواز جانی جائیں گی: کسی رشتہ دار کا انتقال یا کسی رشتہ دار کے جنازے میں شرکت؛ CCHS کے رکن یا اہلِ خانہ کی سنگین بیماری یا زخمی ہو جانا؛ عدالت میں لازمی پیشی بشمول جیوری خدمت کے؛ فوجی خدمت؛ ملازمت سے متصادم جو CCHS اجلاس سے غیرحاضری کو ناگریز بنا دے؛ اور دیگر وجوہات جنہیں CCHS مناسب قرار دے۔ ایسے دیگر جواز کو مستند تصور کیا جا ئے گا بشرطیکہ ان کو غیر حاضری کے 15 دنوں سے پہلے CCHS کو تحریر میں پہنچایا جا ئے اور ان کو CCHS کے اگلے معمول کے شیڈول کردہ ایسے ماہانہ اجلاس میں ووٹ دینے کے ذریعے منظور کیا جا ئے جس میں اجلاس کی مطلوبہ تعداد پوری ہو۔

c. تیسری غیر معاف شدہ غیرحاضری کے بعد، CCHS کو قرارداد کے ذریعے وہ نشست خالی قرار دے دینی ہوگی اور FACE کو اپنے اس فعل سے مطلع کرنا چاہیے۔ عوامی حمایتی نمائندے کے تقرر کردہ، CCSE تقررکردہ، یا CCELL تقررکردہ کی ایک نشست کو خالی قرار دینے کی صورت میں، CCHS کو عوامی حمایتی نمائندے، CCSE اور CCELL کو بالترتیب مطلع کرنا ہو گا۔

2. جب ایک والدین رکن کی ایک آسامی خالی ہو جا ئے تو، CCHS کو میعاد کی باقی ماندہ مدت کے لیے ایک عوامی اجلاس میں انتخابات کے ذریعے خالی عہدے کی آسامی کو پُر کرنا چاہیئے۔

a. CCHS خالی آسامی کی، درخواست کے طریقئہ کار کی، درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ کی عوامی تشہیر بھر پور انداز میں کرے گا۔

b. تمام امیدواروں کو FACE سے CCHS کی ایک خالی آسامی کی درخواست حاصل کرنا لازمی ہے اور مکمل کردہ درخواست FACE کو واپس کرنی چاہیئے۔ FACE نشست کو پُر کرنے کے لیے اہلیت کا جائزہ لے گا، اور امیدواروں کی درخواست کے اہلیت کے حصوں کو CCHS کو بھیجے گا۔

c. برو کے لیے ہائی اسکول کی اس صدور کی کونسل جہاں ایک آسامی موجود ہے اس کو والدین کی نشست کے پُر کرنے کے لیے تحریری تجاویز دینے کا اور آسامی پُر ہونے سے پہلے CCHS کے ساتھ مشاورت کرنے کا موقع دیا جا ئے گا۔

3. اگر کوئی آسامی مساوی ووٹوں کے باعث اس کے اعلان کیے جا نے کے 60 ایام کے اندر CCHS کے ذریعے پُر نہیں کی جاتی، تو چانسلر تعطل کو ختم کرنے کے لیے فیصلہ کُن ووٹ ڈا لے گا۔ اگر CCHS کسی بھی دیگر وجہ سے آسامی کو 60 ایام کے اندر پُر کرنے میں ناکام رہتی ہے، تو چانسلر CCHS کو آسامی پُر کرنے کا حکم دے سکتے ہیں۔

4. جب عوامی حمایتی نمائندے کے ذریعے تقرر کردہ عہدے کے لیے آسامی خالی ہو، تو عوامی حمایتی نمائندے کو بقایا معیادی مدت کے لیے خدمات انجام دینے کے لیے کسی رکن کو تقرر کرنا ہوگا۔ دلچسپی رکھنے والے افراد کو FACE سے CCHS کی ایک عوامی حمایتی نمائندے کے تقرر کردہ کی خالی آسامی کی درخواست حاصل کرنا لازمی ہے اور مکمل کردہ درخواست FACE کو واپس کرنی چاہیئے۔ FACE نشست کو پُر کرنے کے لیے اہلیت کا جائزہ لے گا، اور امیدواروں کی درخواستوں کے اہلیت کے حصوں کو عوامی نمائندے کو بھیجے گا۔ تقرری کے تمام فیصلے عوامی حمایتی کی صوابدید پر ہوں گے۔

5. جب عوامی حمایتی کے ذریعے تقرر کردہ CCSE اور / یا CCELL کے عہدے کی آسامی خالی ہو جائے، تو عوامی حمایتی کو بقایا معیادی مدت کے لیے خدمات انجام دینے کے لیے کسی رکن کو تقرر کرنا ہوگا۔ دلچسپی رکھنے والے تمام افراد کو FACE سے CCELL کی ایک خالی آسامی کی درخواست حاصل کرنا لازمی ہے اور مکمل کردہ درخواست FACE کو واپس کرنی چاہیئے۔ FACE نشست کو پُر کرنے کے لیے اہلیت کا جائزہ لے گا، اور امیدواروں کی درخواست کے اہلیت کے حصوں کوCCSE اور / یا CCELL کو بھیجے گا، جو بھی مناسب ہو۔ تقرری کے تمام فیصلے CCSE اور / یا CCELL کی صوابدید پر ہوں گے۔

B. طالبِ علم کی خالی آسامی

طالبِ علم کی آسامیوں کی صورت میں، CSAC کو بقایا معیادی مدت کے لیے خدمات انجام دینے کے لیے چانسلر کو کسی اور سینئر کی سفارش کرنی چاہیئے۔ چانسلر CCHS اور FACE کو اپنی تقرری سے آگاہ کریگا۔

## X. شکایت دائر کرنے کا طریقئہ کار

اس ضابطہ کے عمل درآمد کے بارے میں شکائتیں چانسلر کو مبینہ خلاف ورزی کے پانچ (5) دنوں کے اندر جمع کروانی چاہیئے، اور اس میں شکایت کی مخصوص وجوہات کا شامل ہونا لازمی ہے۔

## XI. تکنیکی معاونت

FACE اس ضابطہ میں موجود طریقئہ ہائے کار کے نفاذ پر نظر رکھے گا، اور حسبِ ضرورت تکنیکی معاونت فراہم کرے گا۔

## XII. استفسارات

اس ضابطہ سے متعلق استفسارات کو اس پتےپر بھیجنا چاہیے:

Office of Family and Community Empowerment
N.Y.C. Department of Education
52 Chambers Street - Room 409
New York, NY 10007
ٹیلیفون: 212-374-4118
ای میل: CCECinfo@schools.nyc.gov